ہفت روزہ

ندائے خلافت

لاہور

50

www.tanzeem.org

24 تا 30 دسمبر 2013ء / 20 تا 26 صفر المظفر 1435ھ

اس شمارے میں

یہ کون تھا؟ کس کا خون بہا؟

سرمایہ داری نہیں، سرمایہ کاری

اطاعت رسولؐ کی اہمیت

غیروں کی حکومت ہے ابھی

قابل رشک موت

جنرل صاحب نے یہ کیا کہہ دیا؟

اشاریہ مضامین ندائے خلافت 2013ء

احیائے اسلام کی شرطِ لازم

ایمان لامحالہ کچھ ماوراء الطبعیاتی حقائق پر یقین کا نام ہے۔ اور اس راہ کا پہلا قدم یہ ہے کہ انسان اَن دیکھی حقیقتوں پر دکھائی دینے والی چیزوں سے زیادہ یقین رکھے اور سر کے کانوں سے سنی جانے والی باتوں سے کہیں زیادہ اعتماد ان باتوں پر کرے جو صرف دل کے کانوں سے سنی جاسکتی ہیں۔ گویا ''ایمان بالغیب'' اس راہ کی شرطِ اوّلین ہے اور اس کے لئے فکر و نظر کا یہ انقلاب اور نقطۂ نظر اور طرزِ فکر کی یہ تبدیلی لازمی و لابدی ہے کہ کائنات غیر حقیقی اور محض وہمی و خیالی نظر آئے لیکن ذاتِ خداوندی ایک زندۂ جاوید حقیقت معلوم ہو۔ کائنات کا پورا سلسلہ نہ از خود قائم معلوم ہو، نہ کچھ لگے بندھے قوانین کے تابع چلتا نظر آئے بلکہ ہر آن و ہر سمت ارادۂ خداوندی و مشیتِ ایزدی کی کارفرمائی محسوس و مشہود ہو جائے۔ مادہ حقیر و بے وقعت نظر آئے لیکن روح ایک حقیقتِ کبریٰ معلوم ہو۔ انسان کا اطلاق اس کے جسدِ حیوانی پر نہ ہو بلکہ اس روحِ ربانی پر کیا جائے جس کی بدولت وہ مسجودِ ملائک ہوا...... حیاتِ دنیوی فانی و ناپائیدار ہی نہیں بالکل غیر حقیقی و بے وقعت معلوم ہو اور حیاتِ اُخروی، ابدی و سرمدی اور حقیقی و واقعی نظر آنے لگے! اور اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی کے مقابلے میں دنیا و مافیہا کی وقعت حدیث نبوی ﷺ کے مطابق مچھر کے پَر سے زیادہ محسوس نہ ہو! یہ بات اچھی طرح سمجھ لینے کی ہے کہ جب تک اُمت کے ایک قابل ذکر اور مؤثر حصے میں نقطہ نظر کی یہ تبدیلی واقعتاً پیدا نہ ہو جائے ''احیائے اسلام'' کی آرزو ہرگز شرمندۂ تکمیل نہ ہو سکے گی۔

عوام کی کشتِ قلوب میں ایمان کی تخم ریزی اور آبیاری کا مؤثر ترین ذریعہ ایسے اصحاب علم و عمل کی صحبت ہے جن کے قلوب و اذہان معرفتِ ربانی و نور ایمانی سے منور، سینے کبر، حسد، بغض اور ریا سے پاک اور زندگیاں حرص، طمع، لالچ اور حبِّ دنیا سے خالی نظر آئیں۔ خلافت علی منہاج النبوّۃ کے نظام کے درہم برہم ہو جانے کے بعد ایسے ہی نفوسِ قدسیہ کی تبلیغ و تعلیم، تلقین و نصیحت اور تربیت و صحبت کے ذریعے ایمان کی روشنی پھیلتی جارہی ہے اور اگرچہ جب سے مغرب کی الحاد و مادہ پرستی کے زہر سے مسموم ہواؤں کا زور ہوا، ایمان و یقین کے یہ بازار بھی بہت حد تک سرد پڑ گئے، تاہم ابھی ایسی شخصیتیں بالکل ناپید نہیں ہوئیں جن کے ''دلِ روشن'' نورِ یقین اور ''نفسِ گرم'' حرارتِ ایمانی سے معمور ہیں اور اب ضرورت اس کی ہے کہ ایمان و یقین کی ایک عام روایسی چلے کہ قریہ قریہ اور بستی بستی ایسے صاحب عزیمت لوگ موجود ہوں جن کی زندگیوں کا مقصدِ وحید خدا کی رضا جوئی اور اس کی خوشنودی کا حصول ہو۔

اسلام کی نشأۃِ ثانیہ......

ڈاکٹر اسرار احمدؒ

الھدیٰ (592)

ڈاکٹر اسرار احمدؒ

سُورۃُ الحِجر

(آیات: 22 تا 25)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَ اَرۡسَلۡنَا الرِّیٰحَ لَوَاقِحَ فَاَنۡزَلۡنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَسۡقَیۡنٰکُمُوۡہُ ۚ وَ مَاۤ اَنۡتُمۡ لَہٗ بِخٰزِنِیۡنَ ﴿۲۲﴾ وَ اِنَّا لَنَحۡنُ نُحۡیٖ وَ نُمِیۡتُ وَ نَحۡنُ الۡوٰرِثُوۡنَ ﴿۲۳﴾
وَ لَقَدۡ عَلِمۡنَا الۡمُسۡتَقۡدِمِیۡنَ مِنۡکُمۡ وَ لَقَدۡ عَلِمۡنَا الۡمُسۡتَاۡخِرِیۡنَ ﴿۲۴﴾ وَ اِنَّ رَبَّکَ ہُوَ یَحۡشُرُہُمۡ ؕ اِنَّہٗ حَکِیۡمٌ عَلِیۡمٌ ﴿٪۲۵﴾

آیت ۲۲ ﴿وَاَرْسَلْنَا الرِّیٰحَ لَوَاقِحَ﴾ ''اور ہم بھیجتے ہیں ہوائیں جو بوجھل ہوتی ہیں (یا بوجھل کرنے والی ہوتی ہیں)''

لَـوَاقِـحَ کا مفہوم پہلے تو یہی سمجھا جاتا تھا کہ یہ ہوائیں بادلوں کو اٹھا کر لاتی ہیں اور بارش کا سبب بنتی ہیں' لیکن اب جدید سائنسی تحقیق سے معلوم ہوا ہے کہ polen grains بھی ہواؤں کے ذریعے منتقل ہوتے ہیں جن سے پھولوں کی فرٹیلائزیشن ہوتی ہے' جس کے نتیجے میں فصلیں اور پھل پیدا ہوتے ہیں۔ یوں یہ سارا نباتاتی نظام بھی ہواؤں کی وجہ سے چل رہا ہے۔

﴿فَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَسْقَیْنٰکُمُوْہُ ۚ﴾ ''پس ہم نے اتارا آسمان سے پانی پھر وہ تم لوگوں کو پلایا۔''

پانی مبدأ حیات ہے۔ زمین پر ہر طرح کی زندگی کے وجود کا منبع اور سرچشمہ بھی پانی ہے اور پھر پانی' پر ہی زندگی کی بقا کا انحصار بھی ہے۔ پانی کی اس اہمیت کے پیش نظر اللہ تعالیٰ نے اس کی تقسیم و ترسیل کا ایک لگا بندھا نظام وضع کیا ہے جسے آج کی سائنس نے واٹر سائیکل کا نام دیا ہے۔ واٹر سائیکل کا یہ عظیم الشان نظام اللہ تعالیٰ کے عجائبات میں سے ہے۔ سمندروں سے ہواؤں تک بخارات پہنچا کر بارش اور برفباری کا انتظام' گلیشیرز کی شکل میں بلند و بالا پہاڑوں پر واٹر سٹوریج کا اہتمام' پھر چشموں' ندی نالوں اور دریاؤں کے ذریعے سے اس پانی کی وسیع و عریض میدانی علاقوں تک رسائی اور زیر زمین پانی کا عظیم الشان ذخیرہ۔ یہ اللہ تعالیٰ کا وضع کردہ وہ واٹر سائیکل ہے جس پر پوری دنیا میں ہر قسم کی زندگی کا دارومدار ہے۔

﴿وَمَآ اَنْتُمْ لَہٗ بِخٰزِنِیْنَ ﴿۲۲﴾﴾ ''اور تم اس کے جمع کرنے والے نہیں ہو۔''

یہ تمہارے بس میں نہ تھا کہ تم پانی کے اس ذخیرے کو جمع کرتے۔

آیت ۲۳ ﴿وَاِنَّا لَنَحْنُ نُحْیٖ وَنُمِیْتُ وَنَحْنُ الْوٰرِثُوْنَ ﴿۲۳﴾﴾ ''اور یقیناً ہم ہی ہیں جو زندہ بھی رکھتے ہیں اور موت بھی وارد کرتے ہیں اور ہم ہی وارث ہوں گے۔''

یہ کائنات اور اس کی ہر چیز اللہ ہی کی ملکیت ہے۔ ایک وقت آئے گا جب ظاہری ملکیت کا بھی کوئی دعویدار باقی نہیں رہے گا۔

آیت ۲۴ ﴿وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَقْدِمِیْنَ مِنْکُمْ وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَاْخِرِیْنَ ﴿۲۴﴾﴾ ''اور ہم جانتے ہیں تم میں سے آگے بڑھنے والوں کو بھی اور جانتے ہیں پیچھے رہنے والوں کو بھی۔''

چونکہ یہ نبوت کے بالکل ابتدائی زمانے کی سورت ہے' اس لیے فرمایا جا رہا ہے کہ ہم جانتے ہیں اُن لوگوں کو جو حق کی اس دعوت پر فوراً لبیک کہیں گے اور آگے بڑھ کر قرآن کو سینوں سے لگائیں گے۔ ہم جانتے ہیں کہ ﴿وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُھٰجِرِیْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِیْنَ اتَّبَعُوْھُمْ بِاِحْسَانٍ ۙ﴾ (التوبہ: ۱۰۰) کے مصداق کون لوگ ہوں گے۔ ہمیں معلوم ہے کہ ابوبکر (رضی اللہ عنہ) قبولِ حق کے لیے ایک لمحے کی دیر نہیں لگائے گا۔ ہم یہ بھی جانتے ہیں کہ عثمان (رضی اللہ عنہ) بھی اس دعوت کو فوراً قبول کر لے گا۔ یہ بھی ہمارے علم میں ہے کہ ابوبکر (رضی اللہ عنہ) کی تبلیغ سے طلحہ' زبیر' عبدالرحمٰن بن عوف اور سعید بن زید (رضی اللہ عنہم) جیسے لوگ فوراً ایمان لے آئیں گے' اور ہمیں یہ بھی معلوم ہے کہ وہ کون کون بدنصیب ہیں جو اس سعادت کو سمیٹنے میں پیچھے رہ جائیں گے۔

آیت ۲۵ ﴿وَاِنَّ رَبَّکَ ھُوَ یَحْشُرُھُمْ ؕ اِنَّـہٗ حَکِیْمٌ عَلِیْمٌ ﴿۲۵﴾﴾ ''اور یقیناً آپ کا رب ہی ہے جو ان سب کو جمع کرے گا۔ یقیناً وہ کمال حکمت والا' خوب علم رکھنے والا ہے۔''

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اداریہ

مرزا ایوب بیگ

یہ کون تھا؟ کس کا خون بہا؟

بنگلہ دیش کی سپریم کورٹ نے عبدالقادر ملا کو سزائے موت دینے کا حکم جاری کیا اور حکومت نے فوری طور پر عمل درآمد کرتے ہوئے انہیں پھانسی دے دی۔ حسینہ واجد کی حکومت نے کچھ عرصہ پہلے ایک ٹریبونل قائم کیا تھا جسے انٹرنیشنل ٹریبونل فار وار کرائمنز کا نام دیا گیا جس نے عبدالقادر ملا کو عمر قید کی سزا دی۔ حکومت اس سزا کے خلاف سپریم کورٹ میں گئی اور سپریم کورٹ نے آدھے گھنٹے کی سماعت کے بعد عمر قید کی سزا کو سزائے موت میں تبدیل کر دیا۔ قارئین کے علم میں یہ بات آنی چاہیے کہ وار کرائمنز کے حوالے سے فیصلے کرنے کے لیے جو انٹرنیشنل ٹریبونل قائم کیے جاتے ہیں ان کی عالمی سطح پر اجازت لی جاتی ہے۔ پھر اس ٹریبونل میں عالمی سطح کے ججز کو مقرر کیا جاتا ہے جو غیر جانبدار ہوتے ہیں اور عموماً ان میں سے کسی کا تعلق مقدمہ قائم کرنے والے ملک سے نہیں ہوتا۔ لہٰذا یہ غیر قانونی ٹریبونل تھا اور اس کے فیصلے کی کوئی حیثیت نہ تھی، لیکن اس ٹریبونل کی دی گئی سزائے عمر قید کو جس طرح سپریم کورٹ نے سزائے موت میں بدلا ہے، وہ یقیناً حیران کن ہے۔ یہ عدالتی نہیں انتظامی اور انتقامی فیصلہ معلوم ہوتا ہے۔

عبدالقادر ملا پر یہ فردِ جرم عائد کی گئی تھی کہ انہوں نے بیالیس سال پہلے 1971ء میں بنگلہ دیش کی آزادی کی جنگ میں بنگالیوں کے قتل عام میں پاکستانی افواج کا ساتھ دیا تھا۔ حقیقت یہ ہے کہ موجودہ حکومت 1971ء کے بعد عوامی لیگ کی تیسری حکومت ہے۔ 1972ء سے لے کر 1975ء تک شیخ مجیب الرحمٰن حکمران تھے۔ پھر 1996ء سے لے 2001ء تک ان ہی محترمہ یعنی حسینہ واجد کی حکومت تھی اور اب پھر عوامی لیگ اپنی تیسری حکومت کی میعاد پوری کر رہی ہے اور چند دنوں تک بنگلہ دیش میں نئے انتخابات ہونے کو ہیں۔ سوال یہ ہے کہ اپنے پہلے دو ادوار حکومت میں عوامی لیگ نے اس طرح کے مقدمات کیوں دائر نہ کیے جبکہ حکومتی سطح پر عائد کردہ جرم تازہ تھا۔ اس دوران میں عبدالقادر ملا دو بار اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ ان بیالیس سالوں میں ایک وقت ایسا بھی آیا جب عوامی لیگ نے جماعت اسلامی کے ساتھ انتخابی اتحاد بھی کیا۔ ہماری رائے میں اس سارے کھیل میں حسینہ واجد اور ان کی حکومت ایک مہرے کی حیثیت سے پاکستان دشمن عالمی قوتوں کے ایجنٹ کا کردار ادا کر رہی ہے۔ یہ اسلام دشمن قوتیں ایٹمی صلاحیت کے حامل ملک پاکستان کو بالکل تنہا کر دینا چاہتی ہیں۔ مذکورہ کارروائی سے پاکستان کی فوج اور دینی قوتوں کو بری طرح بدنام کرنا ان کا اصل ایجنڈا ہے۔ پاکستان کے سیکولر طبقات شعوری نہ سہی غیر شعوری طور پر ان کا ساتھ دے رہے ہیں۔ امریکا کا حال ہی میں ایران کے ساتھ تعلقات بحال کر لینا اسی سلسلہ کی کڑی ہے۔ ہمارے خطے کی موجودہ صورتحال یہ ہے کہ پاکستان کے مشرق میں اس کا ازلی اور پیدائشی دشمن بھارت ہے اور شمال مغرب میں امریکہ کی سرپرستی میں پاکستان دشمن کرزئی کی حکومت قائم کر دی گئی ہے۔ ایران اور پاکستان کے تعلقات میں کچھ عرصہ سے سرد مہری تھی۔ بلوچستان کی معدنی دولت پر ایران کی نظر ہمیشہ سے ہے۔ امریکا اس حوالہ سے بھی ایران کی حوصلہ افزائی کرے گا۔ لہٰذا چمن کی سرحد پر بعض غیر معمولی واقعات حال ہی میں ہوئے ہیں جو پاکستان اور ایران کے درمیان کشیدگی ظاہر کرتے ہیں۔ روس اور پاکستان میں ابھی تک اعتماد کی فضا بحال نہیں ہو سکی۔ اندرونی سطح پر ہم ہر محاذ پر باہم دست وگریبان ہیں۔ دشمن ممالک کے ریمنڈ ڈیوس یہاں سرعام سرگرم عمل ہیں اور پاکستان میں قتل و غارت گری میں ملوث ہیں۔ حیرت ہے کہ اہل سنت والجماعت کے مولانا شمس الرحمن معاویہ اور اہل تشیع کی تنظیم وحدت المسلمین کے علامہ ناصر ایک ہی انداز میں ایک ہی طرح کے اسلحہ کے استعمال سے قتل کیے جاتے ہیں۔ اس سے پہلے بھی مساجد اور امام بارگاہوں میں دھماکے کرنے والوں کے بارے میں ایسی اطلاعات موصول ہوتی تھیں کہ کوئی ایک ہی گروہ دونوں طرف کارروائیاں کر رہا ہے۔ تازہ ترین اطلاعات کے مطابق حکومت دیرینہ امریکی مطالبے کو تسلیم کرتے ہوئے شمال وزیرستان میں اپریشن شروع کر چکی ہے۔

ہم یہ تفصیلات عرض کر کے قارئین کے سامنے یہ بات رکھنا چاہتے ہیں کہ بنگلہ دیش میں پاکستان کے

تا خلافت کی بنا دنیا میں ہو پھر استوار
لا کہیں سے ڈھونڈ کر اسلاف کا قلب و جگر

تنظیم اسلامی کا ترجمان نظامِ خلافت کا نقیب

ہفت روزہ — لاہور

ندائے خلافت

بانی: اقتدار احمد مرحوم

24 تا 30 دسمبر 2013ء — جلد 22
20 تا 26 صفر المظفر 1435ھ — شمارہ 50

مدیر مسئول: حافظ عاکف سعید

مدیر: ایوب بیگ مرزا

نائب مدیر: محبوب الحق عاجز

نگران طباعت: شیخ رحیم الدین
پبلشر: محمد سعید اسعد، طابع: رشید احمد چودھری
مطبع: مکتبہ جدید پریس، ریلوے روڈ لاہور

مرکزی دفتر تنظیم اسلامی:
67-اے، علامہ اقبال روڈ، گڑھی شاہو، لاہور-54000
فون: 36316638-36366638 فیکس: 36313131
E-Mail:markaz@tanzeem.org
مقام اشاعت: 36-کے، ماڈل ٹاؤن، لاہور-54700
فون: 35869501-03 فیکس: 35834000
publications@tanzeem.org

قیمت فی شمارہ 12 روپے

سالانہ زرِ تعاون
اندرونِ ملک...... 450 روپے
بیرون پاکستان
انڈیا---------------(2000 روپے)
یورپ، ایشیا، افریقہ وغیرہ (2500 روپے)
امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا وغیرہ (3000 روپے)
ڈرافٹ، منی آرڈر یا پے آرڈر
"مکتبہ مرکزی انجمن خدام القرآن" کے عنوان سے ارسال کریں۔ چیک قبول نہیں کیے جاتے

"ادارہ" کا مضمون نگار حضرات کی تمام آراء سے پورے طور پر متفق ہونا ضروری نہیں

خلاف خصوصاً فوج اور دینی جماعتوں کے خلاف ماحول پیدا کرنا بھی اسی عالمی سازش کا حصہ ہے جس کا مقصد پاکستان کی ایٹمی صلاحیت کا خاتمہ اور بھارت کا طفیلی ملک بنانا ہے۔ غیروں کی عیاری اور اپنوں کی سادگی ملاحظہ ہو کہ پاکستان کی حکومت امریکہ کی صف اول کے اتحادی کی حیثیت سے اس عمل میں خود بھی شامل ہے۔ عبدالقادر ملا کے عدالتی قتل اور بنگلہ دیشی حکومت کے سراسر غیر قانونی اور غیر انسانی طرزِ عمل پر ہماری حکومت نے پہلے مجرمانہ خاموشی اختیار کیے رکھی۔ پھر وزارتِ خارجہ نے انتہائی احمقانہ اور جاہلانہ بیان جاری کیا کہ یہ بنگلہ دیش کا اندرونی معاملہ ہے۔ کیا وزارت خارجہ اتنا بھی نہیں جانتی کہ شملہ معاہدے کے موقع پر بھٹو اور اندرا گاندھی کے درمیان یہ معاہدہ ہوا تھا جس کی توثیق بعد ازاں بنگلہ دیش کے شیخ مجیب الرحمٰن نے بھی کر دی تھی کہ کسی فوجی کے خلاف وار کرائمز کے حوالہ سے کوئی مقدمہ قائم نہیں کیا جائے گا۔ لہٰذا جن 195 پاکستانی فوجی افسروں کے خلاف مقدمہ چلانے کا اعلان پہلے ہو چکا تھا، اسے واپس لے لیا گیا۔ پھر جب 1974ء میں لاہور میں اسلامی سربراہی کانفرنس ہوئی تو پاکستان نے دوسرے اسلامی ممالک کے مشورہ پر بنگلہ دیش کو منظور کر لیا۔ الجزائر کے صدر بومدین اور یاسر عرفات خاص طور پر مجیب الرحمٰن کو لینے کے لیے ڈھاکہ گئے اور پھر پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان ایک باقاعدہ معاہدہ ہوا جس کی رو سے دونوں ممالک کسی فوجی یا سویلین کے خلاف جنگی جرائم کا مقدمہ دائر نہیں کریں گے۔ اس معاہدے کے بعد عبدالقادر ملا کو پھانسی دینا یہ بنگلہ دیش کا اندرونی معاملہ کیسے تھا۔ حقیقت یہ ہے کہ ہماری وزارت خارجہ چھ ماہ ہوئے ''یتیم'' ہو گئی تھی، جب نئی حکومت نے اپنا کوئی وزیر خارجہ نہ بنایا۔ سلیم گیلانی کو امریکہ کا سفیر نامزد کر دیا گیا۔ گویا اب عملی طور پر ہمارے پاس کوئی سیکرٹری خارجہ بھی نہ تھا۔ اس ''یتیم بچی'' کو دو بزرگوں کی سرپرستی میں دے دیا گیا (سرتاج عزیز وزیراعظم کے خارجی امور کے مشیر ہیں اور ریٹائرڈ فاطمی صاحب بھی خارجہ امور کو دیکھتے ہیں) یہ دونوں اس بڑھاپے میں بھی ایک دوسرے سے لڑنے کے سوا کچھ نہیں کر رہے۔ عجب تماشا یہ ہے کہ چین، ترکی اور بھارت کے دورے کر کے وزیر اعلیٰ شہباز شریف وزیر خارجہ ہونے کا تاثر دے رہے ہیں۔ حکومت کی سراسیمگی کا عالم یہ ہے کہ عبدالقادر ملا کے معاملے کو ہماری وزارت خارجہ بنگلہ دیش کا اندرونی معاملہ قرار دیتی ہے اور ہماری قومی اسمبلی بنگلہ دیش کے اس غیر قانونی عمل کی مذمت میں قرارداد منظور کرتی ہے اور وزیر داخلہ قومی اسمبلی میں انتہائی جذباتی تقریر کرتے ہیں۔ اس ناقابل فہم طرزِ عمل اور شتر بے مہار خارجہ پالیسی نے پاکستان کی مشکلات میں بے پناہ اضافہ کر دیا ہے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ بنگلہ دیش سپریم کورٹ کی طرف سے سزائے موت کے حکم کے فوری بعد اور اس پر عمل درآمد سے پہلے حکومت پاکستان کو اسلامی ممالک خصوصاً ترکی اور سعودی عرب سے رابطہ کرنا چاہیے تھا اور عالمی سطح پر اس کے خلاف آواز اٹھانی چاہیے تھی۔ بنگلہ دیش کے سفیر کو وزارت خارجہ طلب کر کے احتجاج ریکارڈ کرانا چاہیے تھا۔ بنگلہ دیش میں اپنے سفیر کو واپس بلا کر اصل صورت حال معلوم کر کے مزید ایسے اقدامات کرنا چاہئیں تھے جن سے بنگلہ دیش کی حکومت کو دباؤ میں لایا جا سکتا۔ حقیقت یہ ہے کہ امت مسلمہ کو جس قدر نقصان مسلمان حکمرانوں کی اقتدار پرستی اور ہوس پرستی سے پہنچ رہا ہے وہ اسلام دشمنوں سے نہیں پہنچ رہا۔ ان کی زندگی اور شب و روز محنت کا صرف اور صرف ایک ہدف ہے: اپنے اقتدار کا استحکام اور دوام۔ کاش! وہ ماضی بعید اور قریب کی تاریخ کا مطالعہ کر لیں تو اُن کے ذہنوں میں یہ بات آ سکے کہ اقتدار اور دولت دھوپ اور چھاؤں کی طرح ہیں۔ کبھی ایک طرف اور کبھی دوسری طرف۔ فرعونی اور نمرودی قوتوں کو دائمی اقتدار کیا ملتا، اقتدار کی ہمیشگی تو اللہ رب العزت نے اپنے برگزیدہ بندوں کے لیے بھی پسند نہ فرمائی، جبکہ وہ خود اس کو اللہ کی طرف سے عطا کردہ امانت سمجھتے تھے۔ اگر یہ نکتہ ہمارے عقل مند حکمرانوں کی سمجھ میں آ جائے تو پھر کوئی حکمران یہ نعرہ نہیں لگائے گا ''سب سے پہلے پاکستان'' ہم پہلے مسلمان، پھر پاکستانی ہیں۔ عبدالقادر ملا پاکستان کے نہیں اسلام کے شیدائی تھے۔ پاکستان سے بھی محبت اسلام کے حوالے سے تھی۔ لہٰذا عبدالقادر جس شان سے مقتل کی طرف بے دھڑک چلے اور رحم کی اپیل کرنا بھی گوارا نہ کیا، اس کی وجہ وہ ایمان تھا اور اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے وہ محبت تھی جو ان کے جسم اور روح میں سرایت کی ہوئی تھی۔ نعیم صدیقی مرحوم کئی سال پہلے شاید کسی عبدالقادر ملا ہی کے بارے میں کہہ گئے تھے ۔

یہ کون تھا؟ کس کا خون بہا؟
کس شان سے کاری وار سہا
تھا کون جو رن میں کھیت رہا
کس ہاتھ سے زہری تیر چلا
یہ کون تھا؟ کس کا خون بہا؟

بیابہ مجلس اسرار

سرمایہ داری نہیں، سرمایہ کاری

اسلام یہ تو چاہتا ہے کہ سرمایہ کاری ہو مگر وہ سرمایہ داری کو باقی رکھنے کا روادار نہیں۔ مغربی معیشت سرمایہ کاری پر مبنی ہے۔ لیکن جب اس میں سود شامل ہو جاتا ہے تو سرمایہ کاری، سرمایہ داری بن جاتی ہے۔ سرمایہ کاری تو یہ ہے کہ آؤ کام کرو، سرمایہ لگاؤ اور تجارت کرو، لیکن تم کو سرمایہ داری کی اجازت نہیں ہے۔ سرمایہ داری یہ ہے کہ محض سرمایہ کو نفع اندوزی کا ذریعہ بنایا جائے۔ محنت بھی نہ کی جائے اور نقصان میں شرکت بھی نہ کی جائے۔ اس کا نتیجہ دولت کے ارتکاز کی صورت میں نکلتا ہے جس کے بارے میں قرآن حکیم نے کہا ہے کہ ''ایسا نہ ہونا چاہئے کہ سرمایہ صرف دولت مندوں ہی کے درمیان گردش کرتا رہے''۔ (الحشر: 7) کیونکہ اس طرح طبقاتی تقسیم پیدا ہو جائے گی اور قرآن مجید کی اصطلاح میں ''مترفین'' اور ''محرومین'' کے دو طبقے وجود میں آ جائیں گے۔

مترفین کا طبقہ اس طرح وجود میں آتا ہے کہ ہر معاشی proposition میں تین امور شامل ہوتے ہیں: سرمایہ، محنت اور موقع۔ کیونکہ وہی سرمایہ کاری اور وہی محنت کسی خاص وقت یا جگہ پر زیادہ نتیجہ خیز اور منافع بخش ثابت ہوتے ہیں۔ جبکہ وہی سرمایہ اور وہی محنت کسی دوسرے وقت اور جگہ پر اس قدر نتیجہ خیز نہیں ثابت ہوتے۔ اسی کو موقع یا chance کہتے ہیں۔ اسلام نے اصلاً زور محنت پر دیا ہے۔ گویا محنت کو تحفظ حاصل ہے جبکہ...... سرمایہ کو محض سرمایہ کی حیثیت سے Earning Factor بنا دیا جائے تو اسلام کی نظر میں یہ غلط ہے۔ اسی طرح chance محض chance کی حیثیت سے اگر کمائی کا ذریعہ بنا دیا جائے تو یہ حرام ہے۔ جب سرمایہ سرمائے کی حیثیت میں Earning Agent بنتا ہے تو اس کی بدترین شکل سود ہے۔ ربا ہے ہی یہ کہ محض سرمایہ کے بل پر ایک مقرر و معین منافع حاصل کیا جائے، اس طرح کہ نقصان سے کوئی سروکار ہی نہ ہو۔ اسلام اور قرآن کی رو سے اس سے بڑھ کر کوئی شے حرام نہیں ہے۔ (بحوالہ ''خلافت کی حقیقت'')

اطاعت رسول ﷺ کی اہمیت

سورۃ الحشر کی آیت 7 کی روشنی میں

مسجد جامع القرآن قرآن اکیڈمی لاہور میں امیر تنظیم اسلامی محترم حافظ عاکف سعید حفظہ اللہ کے 13 دسمبر 2013ء کے خطاب جمعہ کی تلخیص

[خطبہ مسنونہ اور تلاوت آیات کے بعد!]

حضرات: سورۃ الحشر ہمارے زیر مطالعہ ہے۔ اس کی ابتدائی چند آیات ہم پڑھ چکے ہیں۔ جن میں غزوۂ بنی نضیر کا بیان ہے۔ پچھلے جمعہ اس کی آیت 7 کے پہلے حصے پر گفتگو ہوئی تھی، آج اُسی سلسلے کو آگے بڑھاتے ہوئے، اس آیت کے دوسرے حصے پر گفتگو کرنی ہے۔ آیت کے پہلے حصہ میں فرمایا گیا:

﴿ کَیۡ لَا یَکُوۡنَ دُوۡلَۃًۢ بَیۡنَ الۡاَغۡنِیَآءِ مِنۡکُمۡ ﴾

''تاکہ (مال) جو لوگ تم میں دولت مند ہیں انہی کے ہاتھوں میں نہ پھرتا رہے۔''

قرآن مجید کی ایک خاصیت یہ ہے کہ یہ ہر اعتبار سے ہدایت ہے، لیکن یہ نہیں ہے کہ ہر معاملے سے متعلق ہدایت کو جمع کر دیا گیا ہو۔ مثلاً اسلام کی سیاسی تعلیمات کسی ایک سورت میں آ گئی ہوں۔ معاشی تعلیمات کسی دوسری سورت میں یکجا بیان ہو گئی ہوں۔ نہیں، بلکہ قرآن مجید کا اسلوب خطبہ کا سا ہے۔ خطبہ میں ایک ہی موضوع کے اندر کئی موضوعات آ جاتے ہیں، اور کسی اہم واقعہ کے بین السطور میں ہی تبصرہ کرتے ہوئے ایسی راہنمائی دے دی جاتی ہے، جو ایک کلیدی حیثیت رکھتی ہے۔ یہ مقام اس کی ایک بہت نمایاں مثال ہے۔ یہاں غزوۂ نضیر کے بیان میں اسلامی اقتصادیات کا ایک اہم اصول بیان کر دیا گیا ہے۔ وہ یہ کہ دولت تمہارے طبقۂ امراء میں ہی نہ گردش کرتی رہے۔ ایسا نہ ہو کہ معاشرے کا ایک طبقہ امیر سے امیر تر ہو رہا ہو اور بقیہ لوگوں تک دولت کے اثرات پہنچ ہی نہ رہے ہوں۔ غریب آدمی غریب ہی رہے۔ اُس کی نسلیں غریب رہیں۔ ان کے لیے کوئی امکان نہ ہو کہ وہ کبھی خوشحال بھی ہو سکیں۔ اور امیر، امیر ہی رہیں، اُن کی نسلیں عیاشی کریں۔ اللہ کی اس زمین پر ہر انسان کا حصہ، سب کا حق ہے جس کو بھی اللہ تعالیٰ نے یہاں بھیجا ہے۔ ہر شخص کو یہاں رہنا ہے، یہاں کھانا پینا ہے، اور اُس کی لباس و مکان کی ضرورت ہے۔ یہ بڑی بے انصافی کی بات ہے کہ کچھ لوگوں کے پاس تو ہزار ہزار ایکڑ زمین ہو اور کسی کے پاس ایک مرلہ جگہ بھی نہ ہو۔ اگرچہ اللہ نے ابتلا و امتحان کی غرض سے دنیا میں معاشی حیثیت میں سب لوگوں کو برابر نہیں کیا بلکہ اونچ نیچ رکھی ہے، کسی کو کم اور کسی کو زیادہ دیا ہے، لیکن اسلام یہ گوارا نہیں کرتا کہ وسائل معاش پر ایک ہی طبقہ کی اجارہ داری ہو۔ وہ یہ کہتا ہے کہ وسائل اور مواقع سب کے لیے یکساں ہونے چاہئیں۔ سب کے لیے یکساں طور پر تعلیم، علاج اور روزگار کے مواقع ہوں۔ اسلامی ریاست کی یہ اولین ذمہ داری ہے کہ شہریوں کو بنیادی ضروریات فراہم کرے۔ ایسا نہ ہو کہ غریب کو دو وقت کی روٹی بھی میسر نہ ہو، اُس کے بچے بھوک سے بلبلا رہے ہوں اور اُس کے چاروں طرف آٹھ آٹھ کنال کے عشرت کدے، لذت کام و دہن کے سارے سامان موجود ہوں۔ جب وسائل کی اس طرح کی نامنصفانہ تقسیم ہوتی ہے تو اس کے نتیجے میں طبقاتی تقسیم پیدا ہوتی اور محرومین کے دلوں میں شدید نفرتیں جنم لیتی ہیں۔ عام آدمی کو روزی روٹی کے لیے اِس قدر شدید محنت کرنی پڑتی ہے کہ انسان انسان نہیں رہتا بلکہ کولہو کا بیل بن جاتا ہے۔ وہ صبح سے لے کر رات تک جاں گسل محنت کے بعد بڑی مشکل سے دو وقت کی روٹی کا انتظام کر پاتا ہے۔ اُس کے پاس پھر بھی علاج کے لیے پیسے نہیں ہوتے۔ وہ سرکاری ہسپتالوں میں جاتا ہے، تو دھکے کھاتا ہے۔ یہ استحصال نہیں ہونا چاہئے۔ اسلام یہ کہتا ہے کہ دولت صرف سرمایہ داروں کے اندر گردش نہ کرتی رہے بلکہ اس کی گردش پورے معاشرے میں ہو۔ جبکہ سرمایہ داری نظام میں سود کی لعنت کی بنا پر ایک طبقہ دوسروں کا خون چوس رہا ہوتا ہے۔ اس قسم کے لوگوں میں انسانیت نام کی کوئی شے نہیں ہوتی۔ وہ ہمدردی اور انسان دوستی کے تصورات سے یکسر تہی ہوتے ہیں۔ یہ لوگ عام لوگوں کو سود میں جکڑتے ہیں اور اگر انہیں سودی رقم نہ مل رہی ہو تو غریب آدمی سے مطالبہ کرتے ہیں کہ جیسے بھی ہو میری رقم مع سود سمیت لوٹاؤ، چاہے اپنا مکان بیچ دو، مجھے اس کی کوئی پروا نہیں ہے، مجھے تو اپنی رقم چاہئے۔ بہرکیف اس سود کی وجہ سے آدمی درندہ بن جاتا ہے، اگرچہ اُس کے بھیڑیوں والے پنجے اور دانت نہیں ہوتے۔ اس وقت پوری دنیا میں یہی استحصالی نظام چل رہا ہے۔ اگرچہ یورپ میں لوگوں کو کسی حد تک ریلیف مل رہا ہے، اور سوشل سیکیورٹی کے نام پر کچھ امداد دے دی جاتی ہے، لیکن یہ اہتمام اس لیے کیا گیا ہے تاکہ محروم طبقات دولت مندوں کے پیٹ نہ پھاڑیں۔ اہل یورپ نے سوشل سیکیورٹی کا نظام

سوشلسٹ انقلاب سے سبق سیکھ کر اپنے ہاں رائج کیا۔ اگر یہ نظام رائج نہ کیا جاتا تو اس بات کا قوی اندیشہ تھا کہ اشتراکیت پورے یورپ کو اپنی لپیٹ میں لے لیتی۔ بہرکیف سرمایہ دارانہ نظام میں سرمائے کو تحفظ ہے اور غرباء کے لیے کوئی گنجائش ہی نہیں ہے۔ اگر کمیونزم نے یورپ میں آ کر سرمایہ داروں کی نیندیں نہ اڑا دی ہوتیں تو شاید یہاں غریبوں کو جینے کا حق بھی نہ ملتا۔ یہ تو اشتراکیت کے نفوذ کی وجہ سے سرمایہ داروں کو کچھ نہ کچھ توازن قائم کرنا پڑا ہے۔

آگے فرمایا:

﴿ وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۚ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا ۚ (۷) ﴾

''سو جو چیز تم کو پیغمبرؐ دیں وہ لے لو اور جس سے منع کریں (اس سے) باز رہو۔''

اس حکم کے پس منظر سے یہی لگتا ہے کہ یہاں مالِ فے کی تقسیم کی بات ہو رہی ہے اور بتایا جا رہا ہے کہ آنحضورﷺ جو یہ مال تقسیم فرما رہے ہیں تو اس پر کوئی یہ نہ کہے کہ مجھے زیادہ ملا یا کوئی کہے کہ مجھے کم ملا۔ کوئی دل میں شکوہ نہ رکھے کہ مجھے تو زیادہ ملنا چاہیے تھا مگر کم ملا، لیکن حقیقت میں اس کا مفہوم صرف اسی واقعہ تک محدود نہیں، بلکہ بہت وسیع ہے۔ یہاں اسلامی زندگی کا ایک بنیادی اصول دیا گیا ہے کہ جو کچھ رسول تمہیں عطا کریں اسے خوشدلی سے قبول کر لو اور جس چیز سے روک دیں، اس سے رک جاؤ۔ رسول جو کچھ تمہیں بتا رہے ہیں وہ سب کا سب دین ہے۔ وہ اللہ کا فیصلہ اور اُس کا حکم ہے۔ اس لیے کہ آپﷺ کوئی بھی بات اپنی طرف سے نہیں فرماتے، بلکہ جو کچھ فرماتے ہیں وہ اللہ ہی کے اذن سے ہوتا ہے۔ ﴿ وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى (۳) اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى (۴) ﴾ (النجم) ''اور نہ خواہش نفس سے منہ سے بات نکالتے ہیں، یہ تو اللہ کا حکم ہے جو (ان کی طرف) بھیجا جاتا ہے۔'' اللہ کے نبیﷺ کی بات بھی وحی کی بنیاد پر ہوتی ہے، اگرچہ وہ وحی غیر متلو ہوتی ہے۔ لہٰذا یہ کوئی نہیں کہہ سکتا کہ رسول خداﷺ نے جو حکم دیا ہے یہ قرآن میں کہاں آیا ہے؟ کسی کو بھی یہ پوچھنے کا اختیار نہیں ہے۔ اس لئے کہ جس ہستی نے قرآن نازل کیا ہے، اُسی نے حضورﷺ کو یہ اتھارٹی عطا فرمائی ہے کہ آپؐ کی اطاعت کی جائے، اس لئے کہ آپؐ کی اطاعت اللہ ہی کی اطاعت ہے۔ اللہ فرماتا ہے: ﴿ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ ﴾ (النسا:64) ''اور ہم نے کسی رسول کو نہیں بھیجا مگر اس لیے کہ اللہ کے حکم سے اُس کی اطاعت کی جائے''﴿ مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ ۚ ﴾ (النسا:80) ''جو شخص رسولؐ کی فرمانبرداری کرے گا تو بے شک اس نے اللہ کی فرمانبرداری کی۔''

رسول (معاذ اللہ) ڈاک کا ہرکارہ نہیں ہوتا، جیسے کہ آج کل منکرین حدیث کے ہاں تصور پایا جاتا ہے، بلکہ اللہ کا نمائندہ ہوتا ہے، جس کی اطاعت لازم ہے۔ انکارِ حدیث کا فتنہ ہمارے ہاں سر سید احمد خان ہی کے دور سے شروع ہو گیا تھا۔ بعدازاں یہ فتنہ بڑھتا رہا۔ غلام احمد پرویز کی صورت میں یہ کھل کر سامنے آیا۔ آج اسی کا ظہور ہم ایک ''جدید سکالر'' کی شکل میں دیکھ رہے ہیں جو حدیث اور سنت کو اُس کا اصل مقام دینے کے لیے تیار نہیں ہیں۔ اسی وجہ سے دین کی عجیب وغریب تعبیرات کر رہے ہیں۔ داڑھی کے بارے میں پوچھیں تو کہہ دیں گے کہ داڑھی کا قرآن میں ذکر نہیں ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ (معاذ اللہ) جو چیز قرآن میں نہیں ہے، اس کا دین میں کوئی مقام نہیں ہے۔ کیا حضورﷺ کے اقوال، آپ کا عمل، آپؐ کی تائید دین نہیں ہے؟ اگرچہ اطاعت اصلاً اللہ تعالیٰ کی ہے جو رب العالمین ہے، مالک الملک اور خالق و آقا ہے، لیکن جب اللہ تعالیٰ نے اپنے کسی بندے کو کامل اتھارٹی کے ساتھ اپنا نمائندہ بنا کر بھیجا، تو اب کسی کے لیے یہ گنجائش نہیں ہے کہ اللہ کے نمائندے کی بات کو حجت تسلیم نہ کرے۔ جب اللہ خود یہ کہتا ہے کہ میرا نمائندہ جو کچھ کہے وہ میری ہی طرف سے ہوتا ہے، تو پھر اُس کی اطاعت میں کوئی شبہ نہ رہا۔

اِس آیت کی تشریح ایک حدیث سے ہوئی ہے، جس کے راوی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ ہیں۔ آپﷺ نے فرمایا: ''جب میں تمہیں کسی بات کا حکم دوں تو پھر اس کو

پریس ریلیز 20 دسمبر 2013ء

حافظ عاکف سعید

شمالی وزیرستان میں فوجی آپریشن تباہ کن ثابت ہوگا

عبدالقادر ملا کی پھانسی پاکستانی فوج اور دینی قوتوں کو بدنام کرنے کی سازش کا حصہ ہے

امریکا یہودی دباؤ میں پاکستان کی ایٹمی صلاحیت ختم کر کے اُسے انڈیا کی طفیلی ریاست بنانا چاہتا ہے

شمالی وزیرستان میں فوجی آپریشن تباہ کن ثابت ہوگا۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر حافظ عاکف سعید نے قرآن اکیڈمی لاہور میں خطاب جمعہ کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان دشمن عناصر اور غیر ملکی خفیہ ایجنسیوں نے ایک مرتبہ پھر اپنے ایجنٹوں کے ذریعے شمالی وزیرستان میں قتل وغارت گری کا سلسلہ شروع کیا ہے۔ انہوں نے فوجی قافلے اور زخمیوں کو لانے والی ایمبولینس پر حملوں کی شدید مذمت کی۔ اُنہوں نے کہا کہ یہ کارروائیاں فوج سے شمالی وزیرستان میں وسیع پیمانہ پر آپریشن کروانے کے جواز فراہم کرنے کے لئے کی جارہی ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ ہمیں اصل دشمن کو پہچاننا چاہیے جس نے ایک طرف تو پاکستان کو اپنا نان نیٹو اتحادی بنا رکھا ہے اور دوسری طرف پاکستان کے مختلف علاقوں میں تخریب کاری اور دہشت گردی کروا رہا ہے۔ عبدالقادر ملا کی پھانسی کا ذکر کرتے ہوئے امیر تنظیم اسلامی نے کہا کہ درحقیقت یہ بھی پاکستانی فوج اور دینی جماعتوں کو دنیا بھر میں بدنام کرنے کی سازش کا حصہ ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ امریکہ یہودیوں کے دباؤ کے نتیجہ میں پاکستان کی ایٹمی صلاحیت کا خاتمہ چاہتا ہے۔ پاکستان کی ایٹمی صلاحیت تمام غیر مسلم دنیا خصوصاً بھارت، اسرائیل اور امریکہ کے گلے کی پھانس بنا ہوا ہے۔ امریکہ اس خطے میں اپنے مذموم ارادوں کی تکمیل کے لیے پاکستان کو بھارت کی طفیلی ریاست بنانا چاہتا ہے، تاکہ چین کا محاصرہ کیا جاسکے۔ اور امریکہ دائمی طور پر دنیا کی واحد سپر طاقت کی حیثیت قائم رکھ سکے۔

(جاری کردہ: مرکزی شعبہ نشر واشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان)

بجالاؤ (اس پر عمل کرو) جتنی تمہارے اندر استطاعت ہے۔ اور جس بات سے میں روک دوں اس سے باز آ جاؤ۔" یعنی مجھے یہ اتھارٹی اللہ نے دی ہے۔ لہٰذا میں جس چیز کا حکم دوں وہی دین ہے، اس کو تھام لو، اور جس سے روک دوں اس سے باز آجاؤ۔ چنانچہ اس سلسلہ میں عہد صحابہؓ کا ایک دلچسپ واقعہ ہے۔ بخاری کا بیان ہے کہ حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا اللہ کی لعنت ہو گودنے والیوں اور گدوانے والیوں پر اور (سفید بال) نوچنے والیوں پر اور خوبصورتی کے لئے دانتوں کی جھریاں بنانے والیوں پر اور تخلیق خداوندی کو بدلنے والیوں پر۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے اس قول کی اطلاع بنی اسد کی ایک عورت کو پہنچی تو وہ آئی اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے کہا مجھے خبر پہنچی ہے کہ آپ نے ایسی ایسی عورت پر لعنت کی ہے۔ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا، اللہ کے رسول نے جس پر لعنت کی ہے (اور جن کے احکام کی پابندی کی ہدایت اللہ کی کتاب میں موجود ہے انہوں نے لعنت کی) میں ایسی عورتوں پر لعنت کیسے نہ کروں۔ اس عورت نے کہا دونوں لوحوں کے درمیان جو کتاب موجود ہے میں نے وہ (ساری) پڑھی۔ اس میں تو کہیں مجھے نہیں ملا۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا تو نے کتاب اللہ پڑھی ہی نہیں۔ اگر پڑھتی تو تجھے (یہ حکم) مل جاتا۔ کیا تو نے نہیں پڑھا کہ اللہ نے فرمایا ہے: ﴿وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۚ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا ۚ﴾ عورت نے کہا کیوں نہیں (یہ آیت تو میں نے پڑھی ہے)۔ فرمایا تو اللہ کے رسولؐ نے (ایسا کرنے کی) ممانعت کردی ہے۔ وہ عورت بغاوت کرنے والی نہیں تھی جیسا کہ آج پوری دنیا میں عورتوں کو ایک باغیانہ کردار دے دیا گیا ہے۔ چنانچہ اس نے ساتھ کوئی بحث ومباحثہ نہ کیا اور بات فوراً قبول کرلی۔

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کو احرام کی حالت میں سلے ہوئے کپڑے پہنے دیکھا تو حکم دیا کہ یہ کپڑے اُتار دو۔ اس شخص نے کہا کہ آپ اس کے متعلق مجھے قرآن کی کوئی آیت بتا سکتے ہیں؟ جس میں سلے ہوئے کپڑوں کی ممانعت ہو۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا، ہاں وہ آیت میں بتاتا ہوں۔ پھر یہی آیت وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ پڑھ کر سنادی۔ امام شافعیؒ نے ایک مرتبہ لوگوں سے کہا کہ میں تمہارے ہر سوال کا جواب قرآن سے دے سکتا ہوں، پوچھو جو کچھ پوچھنا ہے۔ ایک شخص نے عرض کیا کہ ایک محرم نے زنبور (تتیا) مار ڈالا تو اس کا کیا حکم ہے؟ امام شافعیؒ نے یہی آیت وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ تلاوت کر کے حدیث سے اس کا حکم بیان فرمادیا۔ (قرطبی)

اس آیت کی تفسیر میں مولانا امین احسن اصلاحی لکھتے ہیں: "یہاں رسول کا یہ درجہ جو واضح فرمایا گیا ہے کہ جو کچھ وہ دے وہ لے لو اور جس سے روکے اس سے رک جاؤ، اگرچہ اس کا ایک خاص محل ہے لیکن اس سے جو حکم مستنبط ہوتا ہے وہ بالکل عام ہوگا۔ یعنی زندگی کے ہر معاملے میں رسول کے ہر حکم ونہی کی بے چون وچرا تعمیل کی جائے گی۔ اس لیے کہ رسول کی حیثیت جیسا کہ قرآن میں تصریح ہے، اللہ تعالیٰ کی طرف سے مقرر کیے ہوئے ایک واجب الاطاعت ہادی کی ہوتی ہے۔ فرمایا ہے:
﴿وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ﴾ (النساء ۴:۶۴) (اور ہم نے نہیں بھیجا کوئی رسول مگر اس لیے کہ اللہ کے حکم سے اس کی اطاعت کی جائے) گویا اس ٹکڑے کے دو مفہوم ہوں گے: ایک خاص، دوسرا عام۔ اپنے خاص مفہوم کے پہلو سے یہ اپنے سابق مضمون سے مربوط ہوگا اور اپنے عام مفہوم کے اعتبار سے اس کی حیثیت اسلامی شریعت کے ایک ہمہ گیر اصول کی ہوگی۔"

آگے فرمایا:

﴿وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝﴾

"اور اللہ سے ڈرتے رہو بے شک اللہ سخت عذاب دینے والا ہے۔"

اللہ سے ڈرتے رہو۔ اُس کا تقویٰ اختیار کرو۔ اس لئے کہ اللہ کا تقویٰ سب سے بڑی متاع ہے۔ تقویٰ اللہ کی ناراضی سے ڈرنے کا نام ہے۔ جب آدمی کے دل میں یہ ڈر ہوتا ہے تو وہ طاعات پر آمادہ ہوتا اور معصیات سے بچتا ہے۔ اور جب دل تقویٰ سے خالی ہوتا ہے تو انسان اپنے لیے غلط روی کے راستے تلاش کرتا ہے، حیل وحجت کرتا ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ کے فرمان کے الفاظ تو رہ جاتے ہیں، لیکن ان کی روح نکال دی جاتی ہے۔ جیسے بنی اسرائیل نے اصحاب سبت کے واقعہ میں کیا تھا۔ انہیں ہفتہ کے دن کاروبار سے روکا گیا تھا۔ جیسے آج مسلمانوں پر نماز جمعہ کی اذان (یعنی اذان ثانی) سے لے کر نماز کے ادا ہوجانے تک کاروبار دنیوی حرام ہے، اسی طرح ان کے لیے ہفتہ کے پورے دن دنیاوی کاروبار ممنوع تھا۔ مقصد یہ تھا کہ اس دن وہ اللہ کو یاد کریں، اللہ کی بندگی کریں، اللہ سے لو لگائیں، ذکر واذکار کریں۔ یہودیوں کی ایک بستی والوں کو جو مچھلیاں پکڑتے تھے، اللہ نے سبت کے حکم کے حوالے سے آزمائش میں ڈال دیا۔ چونکہ وہ ہفتہ دو دن مچھلیاں نہ پکڑتے تھے، لہٰذا اُس دن مچھلیاں ساحل کے قریب گھومتی پھرتی نظر آتی تھیں، یہ صورتحال اُن کے لئے موجب اضطراب ہوتی تھی۔ چنانچہ انہوں نے حیلہ نکالا کہ ہفتہ کے دن ساحل سمندر کے گرد گڑھے کھودتے تھے، اور پانی کو مچھلی سمیت اُن گڑھوں میں لے آتے اور شام کو پانی کی واپسی کا راستہ بند کردیتے تھے، تاکہ اب جو مچھلیاں اِدھر آگئیں وہ واپس نہ جاسکیں۔ اتوار کی صبح جا کر یہ مچھلیاں پکڑ لیتے تھے۔ اس حرکت پر جب ان سے کہا جاتا کہ اللہ کی نافرمانی نہ کرو، دین وشریعت کے ساتھ کیا مذاق کر رہے ہو۔ تو وہ کہتے کہ ہم نے اللہ کا حکم تو نہیں توڑا، ہم نے تو ہفتہ کو مچھلی کو ہاتھ تک نہیں لگایا۔ ہم نے تو کوئی دنیوی کاروبار نہیں کیا۔ جب تقویٰ نہ ہو تو پھر اسی طرح کے حیلے نکالے جاتے ہیں۔ بہر کیف اللہ نے اس حیلہ گری کی سخت سزا دی، جس کا ذکر سورۃ الاعراف میں آیا ہے۔ جب دل میں تقویٰ ہوگا، تو پھر اس طرح کی حیلہ گری نہیں ہوگی بلکہ اللہ اور اُس کے رسول کی سچی اطاعت ہوگی۔ اور تقویٰ کی بڑی برکات ظاہر ہوں گی۔ اس لیے حکم دیا گیا کہ دیکھو اللہ سے ڈرو۔ ایک دن اللہ کے حضور حاضر ہونا ہے۔ تم ایک دوسرے کے سامنے جواب دہ نہیں مگر اللہ کے سامنے ہر ایک کو جواب دینا ہے۔ اللہ خوب جانتا ہے کہ تمہارے اندر کیا ہے اور پھر یہ بھی یاد رکھو کہ اللہ عذاب دینے میں بہت سخت ہے۔

نہ جا اُس کے تحمل پہ کہ بے ڈھب ہے گرفت اُس کی
ڈر اُس کی دیرگیری سے کہ سخت ہے انتقام اُس کا

[مرتب: محبوب الحق عاجز]

تنظیم اسلامی کا مؤقف جانئے!

تنظیم اسلامی کے شعبہ نشر واشاعت کی جانب سے حال ہی میں دنیا میں پیش آنے والے اہم واقعات پر امیر تنظیم اسلامی کے پالیسی بیان کے اجراء کا سلسلہ شروع کیا گیا ہے۔ رفقاء واحباب اس سلسلہ میں تازہ ترین پالیسی بیان میں جماعت اسلامی بنگلہ دیش کے رہنما عبد القادر ملا کی سزائے موت کے حوالے سے تنظیم کا مؤقف تنظیم اسلامی کی ویب سائٹ

www.tanzeem.org

پر ملاحظہ کر سکتے ہیں

غیروں کی حکومت ہے ابھی

عامرہ احسان
amira.pk@gmail.com

پاکستان کے مسلمانوں کے لئے خیر کی دعا دے کر مرحوم مشرقی پاکستان کے رضا کار جرنیل عبدالقادر ملاؒ نے بنام پاکستان شہادت کو گلے لگالیا۔ایک اور حسن البناءؒ، ایک اور سید قطبؒ اندھے، بہرے، گونگے انصاف کی بھینٹ چڑھ گیا۔ یہ پھانسی اصلاً بھارت نے اسلام اور پاکستانیت کو دی ہے۔حسینہ واجد بھارت کی ویسی ہی کٹھ پتلی ہیں جیسے کرزئی امریکہ کے۔عبدالقادر ملاؒ نے جس جرأت، استقامت کے ساتھ شہادت کا انتخاب کیا رحم کی اپیل کا انکار کرتے ہوئے، وہ اہل حق کی شاندار روایات کا اظہار ہے۔ترک عالم اختیار کوئے دوست! وہ تو اپنے عہد کو پورا کر گئے۔ مبارک ہو شہادت کی خلعتِ فاخرہ!

تمہی نے یہ دعویٰ کیا تھا زمیں پہ
کہ امر اُس کا ہوگا یہ جس کا جہاں ہے
تمہی نے یہ اعزاز پایا جبیں پہ
شہادت کا تمغہ جو اب گل فشاں ہے!

تاہم اس ظلم اور خون ناحق پر پاکستانی حکومت گونگے کا گڑ کھا کر بیٹھی رہی۔مرے تھے جن کے لیے وہ رہے وضو کرتے۔ جس فوج کے شانہ بشانہ لا الٰہ کی شناخت والے پاکستان پر ان رضا کاروں نے اپنا سب کچھ داؤ پر لگا دیا اس نے بھی پلٹ کر نہ دیکھا! اسے وزارت خارجہ نے بنگلہ دیش کا اندرونی معاملہ قرار دے کہ منہ پھیرا۔ یہ بے رحمانہ بے اعتنائی بلوچستان کے لیے در پردہ کیا پیغام لیے ہوئے ہے؟ یہی کہ پاکستان کی حمایت کی حماقت کوئی نہ کرے؟ جبکہ جھوٹ، ظلم اور سیاسی انتقام پر مبنی ٹربیونل کی جماعت اسلامی کے ذمہ داران کو دی گئی سزاؤں کو اقوام متحدہ نے بھی انتقامی کارروائی قرار دیا تھا۔حتیٰ کہ بھارت کے انسانی حقوق کمیشن نے بھی اس کی مذمت کی۔ادھر پاکستان کو امریکہ و بھارت نوازی کا ہیضہ لاحق ہو گیا ہے، لہٰذ کچھ سجھائی نہیں دیتا۔ امریکی سیل سے چلنے والے مشینی دانشور اور بلاول میاں اس پر پہلے سے بغلیں بجا رہے ہیں۔ پاکستان میں علمائے حق اور جماعت اسلامی کو گھیرنے کی کوشش رہی۔

یہ عالمی دجالی ایجنڈوں کا حصہ ہے، اللہ کی کبریائی کا ڈنکا بجانے والوں پر زمین تنگ کرنا۔ بنگلہ دیش کی عدلیہ میں مصری عدلیہ کا عکس دکھائی دے رہا ہے۔انتظامیہ اور فوج کے ساتھ مل کر کفر کی آلۂ کاری۔ ایک جگہ بھارت اور دوسری جگہ امریکی غلامی۔ یہ وہی عدلیہ ہے جو مصر میں 21 خواتین (جن میں سے 7 نابالغ بچیاں تھیں) کو 11 سال قید کی سزا سناتی ہے۔جرائم۔۔۔؟ نہایت سنگین! ٹریفک روکنا، سکندریہ میں احتجاجی مظاہرے میں طاقت کا استعمال! حکومتی بلڈوزروں کے شہریوں کو روندنے اور گن شپ ہیلی کاپٹروں سے قتل عام کے مقابل ان خواتین کے جرائم دیکھیے (بعد ازاں یہ سزا واپس لینی پڑی)۔مصر کے نئے قانون (شاید وہ تحفظِ مصر آرڈیننس ہوگا) کے مطابق مظاہرے کرنا جمہوری، شہری حقوق میں سے نہیں ہے۔لہٰذا مظاہرے طاقت سے منتشر کرنے کا قانونی جواز دے دیا گیا ہے۔اب (خدانخواستہ) بلڈوزر چلے تو وہ قانونی ہوں گے! لاٹھی بھینس قوانین تمام مسلم ممالک میں اب لاگو ہوں گے۔یہی دجالی بگولا۔۔۔انگولا اور جمہوریہ وسطی افریقہ میں مسلمانوں کو نگل رہا ہے۔مسلم کشی کی آگ بھڑک رہی ہے۔ جمہوریہ وسطی افریقہ میں 45000 مسلمان بے گھر، بے در ہوائی اڈے پر بھوکے پیاسے خیموں میں بے یارو مددگار بلک رہے ہیں۔400 شہید کئے جا چکے ہیں۔ انگولا کی مساجد لال مسجد اور تعلیم القرآن والے حشر سے دوچار کی گئی ہیں۔

ادھر ہم بھارت اور امریکہ کے دوطرفہ دباؤ تلے دبے جا رہے ہیں۔اتنے نازک حالات میں وزیراعظم کا یہ فرمانا (بھارت کے نئے سفیر سے ملاقات کے دوران) کہ ہمیں تاریخ کا بھاری بوجھ (Baggage) مل جل کر پیچھے چھوڑنا ہوگا۔ بھارت دشمنی کی طویل تاریخ کا بوجھ تو پہلے ہی ایک طرف رکھ کر خشک دریاؤں، کشمیر پر ظالمانہ قبضے اور اب عبدالقادر ملاؒ کی شہادت پر منہ موڑ کر امن کی آشا میں کھوئے ہوئے ہیں۔ تاریخ کا 'بیگج' چھوڑنے پر ہی تو ہم کشکول بردار، دہی بڑوں کا بستہ اٹھائے جا رہے ہیں۔۔۔حالانکہ ؎

قوم کی تاریخ سے جو بے خبر ہو جائے گا
رفتہ رفتہ آدمیت کھو کے خر ہو جائے گا!

امریکی بوجھ ڈھوتے خر تو کبھی کے ہو چکے! کفر اپنی تاریخ سے چمٹا صلیبی جنگ لڑ رہا۔۔۔ ہندوتوا کی بات پر اڑا بیٹھا ہے۔ہم نصابوں سے کھرچ کھرچ کر اپنی نسلوں کو تاریخ، جغرافیے (مشرقی پاکستان) سے بے بہرہ کرنے پر تلے بیٹھے ہیں۔

پاکستان کو لاحق کرپشن، مہنگائی، بڑھتی بے روزگاری، کساد بازاری، لاپتگی کے روگ سے قطع نظر حکمرانوں کا غم یہ ہے کہ امریکہ بھیک دیتا رہے ہر قیمت پر۔۔۔اور وہ افغانستان چھوڑ کر نہ جائے۔ہم ابدالاباد تک نیٹو سپلائی جاری رکھ کر حرام کے ڈالر وصول کرتے رہیں۔ کچھ مال قبائلی پٹی میں ڈرون اور آپریشنوں کے عوض ملتا رہے۔ عوام گیس (بل) سے دم گھٹ کر مریں، بجلی (بل) کے شاک سے انتقال کر جائیں، لیکن سیاست دانوں، جرنیلوں، بیوروکریسی کی شہنشاہی سلامت رہے۔ نیٹو سپلائی کی بندش امریکہ سے بڑھ کر ان کے لیے تشویش کا باعث ہے۔تاہم پیمپروں والے کنٹینر بند ہو جانے پر ہمیں بھی تشویش ہے۔انہیں انسانی ہمدردی اور امریکی فوجیوں کے حقوق کی پاسداری اور خیر سگالی کے جذبے کے ساتھ جانے دیں۔اسلحہ، شراب، خنزیر کی بارہ سالہ سپلائی ہی کا گناہ اس قوم پر سے دھل جائے تو معجزہ ہے! رہی پاکستانی معیشت کی بحالی تو اس کے لیے مذکورہ بالا طبقات اشرافیہ کے چار ہزار ارب ڈالر یورپی بینکوں میں رکھے ہیں۔آئی ایم ایف کی بجائے ان سے قرضہ لے کر ہمارے سارے دلدر دور ہو سکتے ہیں۔ نیز اسرائیلی وزیراعظم سے کفایت شعاری سیکھیں جو نیلسن منڈیلا کے جنازے میں شرکت کے لیے نہیں گیا کہ 20 لاکھ ڈالر کا خرچ آئے گا۔ ہمارے شہ خرچوں سے پوچھا ہوتا جو۔۔۔'پلے نہیں دھیلا تے کردے منڈیلا منڈیلا' اس کی آخری رسومات پر جا پہنچے! یہ ہمارے بڑے وہ ہیں جن کا ایک ایک قدم ہزاروں میں پڑتا ہے۔ شاید اسی وجہ سے یہ کہا جاتا ہے '' آہستہ خرام بلکہ مخرام، زیرِ قدمت ہزار 'ڈالر' است! '' (آہستہ چلو بلکہ نہ چلو۔۔۔تمہارے ہر قدم تلے ہزار ڈالروں کا خرچا ہے۔۔۔ تصرف پر معذرت۔۔۔!)

اُدھر افتخار محمد چودھری ریٹائر ہوئے تو بہتوں نے سکھ کا سانس لیا۔ پاکستان نے ان کی بے پناہ محنت کے ہاتھوں جس واحد میدان میں نمبر ون ہونا تھا وہاں نمبر 4 ہو گیا۔ وہ ہے شہری انسانی حقوق کی پامالی۔ تاہم پاکستان انہونیوں کی سرزمین ہے۔ واقعات ہوتے ہیں۔۔۔ نہیں پتہ چلتا، کھوج لگتا کہ یہ ہوئے کیسے۔ مثلاً لال مسجد جامعہ حفصہ آپریشن کا حکم کسی نے نہیں دیا، خود ہی جل گئی۔ خودکار اسلحہ خود بخود چل گیا۔ (؟) تحقیقات نے بتایا سانحۂ راولپنڈی بھی اتفاقیہ تھا۔ سوئے اتفاق سے مسجد مارکیٹ جل گئی۔ لوگ شہید ہو گئے۔ بگٹی کو بھی قتل نہیں کیا گیا۔ (غار میں نمونیے سے فوت ہو گئے تھے؟)' لاپتہ افراد کبھی فوج کی تحویل میں نہیں رہے!!۔ یہ تو آسیب زدہ، جنات میں گھری کوئی بستی ہے جہاں ہزاروں افراد غائب ہو جاتے ہیں۔ یا لاشیں پراسرار طریقے سے پھینک دی جاتی ہیں۔ مل جائیں تو زندہ لاشیں (اڈیالہ جیل والے لاپتہ یاد کیجیے!) گردے فیل، ٹی بی سے گلے ہوئے، فاقہ زدہ۔ شک کی بنیاد پر انتقام کی بھینٹ چڑھنے والوں کے سربستہ راز اگلوانے، سلجھانے میں افتخار محمد چودھری صاحب ایڑی چوٹی کا زور لگا کر ریٹائر ہو گئے۔ اب ان مظلوموں کی داد رسی کا کیا سامان ہوگا۔ آنے والا وقت بتائے گا۔ یہ امریکی جنگ کے تحائف ہیں۔

حکیم اللہ محسود کی تعزیت کے لیے ملا عمر کی طرف سے بھیجا جانے والا وفد اور شہادت پر شدید ردعمل یہ واضح کیے دیتا ہے کہ جو تقسیم میڈیا اور دانشوروں نے خود ساختہ کر رکھی ہے وہ بے حقیقت ہے۔ طالبان ایک ہیں سرحد کے دونوں اطراف۔ امریکہ کے بعد کیا پاکستان ان سے نمٹ سکتا ہے؟ حالات بہت گھمبیر ہیں۔ امریکہ افغانستان میں ہمارا ایٹمی کمبل چرانے تک براجمان رہے گا۔ یہی اس کا ہدف ہے۔ خیرات کی چوسنی چھوڑیئے، قرضوں کے بغیر اپنی خودمختاری، آزادی اور سلامتی کی خاطر مل بانٹ کر اپنے کالے دھن سفید کر کے قوم کی ضروریات پر خرچ کیجیے۔ باہر بینکوں میں پڑا سارا مال ہم عوام کی امانت ہے! اسے لوٹایئے، تاکہ ہم امریکہ دوستی کے چنگل سے نکل سکیں، خود کفالت پا سکیں، سر اٹھا کر جی سکیں۔

ہم نے مانا کہ ہیں آزاد زمینوں کے حدود
نگہ و دل پہ تو غیروں کی حکومت ہے ابھی

☆☆☆

پاکستان کو لاحق کرپشن، مہنگائی، بڑھتی بے روزگاری، کساد بازاری، لاپتگی کے روگ سے قطع نظر حکمرانوں کا غم یہ ہے کہ امریکہ بھیک دیتا رہے ہر قیمت پر۔۔۔ اور وہ افغانستان چھوڑ کر نہ جائے۔ ہم ابدالاباد تک نیٹو سپلائی جاری رکھ کر حرام کے ڈالر وصول کرتے رہیں

گوشۂ خواتین

قابلِ رشک موت

شمائلہ مصطفیٰ، کراچی

سعودی عرب کے خوبصورت شہر ابھاء میں ابھی حال ہی میں ایک لڑکی کی شادی تھی۔ مغرب کی نماز کے بعد اس کا مقامی دستور کے مطابق سنگھار وغیرہ کیا گیا جیسا کہ دلہن کو سجایا جاتا ہے۔ اسی اثنا میں اس لڑکی نے عشاء کی اذان سنی۔ بالکل اسی وقت اس کی ماں نے آ کر بتایا کہ تیرا دولہا آ گیا ہے۔ مگر لڑکی نے نیچے جانے سے پہلے عشاء کی نماز پڑھنے کا فیصلہ کر لیا۔ لڑکی نے اپنی ماں سے کہا کہ میں وضو کر کے نماز پڑھنے لگی ہوں......! لڑکی کی ماں حیرت سے اسے دیکھتے ہوئے بولی: ''کیا تم پاگل ہو؟ مہمان تمہیں دیکھنے کے لیے انتظار کر رہے ہیں اور تمہارے میک اپ اور بناؤ سنگھار کا کیا ہوگا؟ یہ تو سارا پانی سے ڈھل جائے گا، میں تمہاری ماں ہوں اور تمہیں نماز نہ پڑھنے کا حکم دیتی ہوں اور کہا'' واللہ! اگر تم نے ابھی وضو کیا تو میں تم سے ناراض ہو جاؤں گی!'' بیٹی نے کہا: ''اللہ کی قسم! میں بھی یہاں سے تب تک نہ جاؤں گی جب تک نماز ادا نہ کر لوں، میں کسی کو خوش کرنے کے لیے اپنے اللہ کی نافرمانی نہیں کر سکتی۔'' اس کی ماں نے کہا: ''مہمان تمہیں میک اپ کے بغیر دیکھ کر کیا کہیں گے؟ وہ تمہارا مذاق اڑائیں گے اور تم کسی کو بھی اچھی نہیں لگو گی...... ایسا کرنا، اپنے گھر جا کر بعد میں نماز پڑھ لینا۔'' لڑکی ماں کی بات سن کر مسکراتے ہوئے بولی: ''آپ اس لیے پریشان ہو رہی ہو کہ میں لوگوں کی نظر میں خوبصورت نہیں لگوں گی، لیکن میں تو اپنے پیدا کرنے والے کی نظر میں خوبصورت بننا چاہتی ہوں...... اور پھر آپ کیا میری زندگی کی ضمانت دے سکتی ہیں کہ میں دوسرے گھر جانے تک زندہ ہوں گی؟''

لڑکی نے وضو کیا، جس کی وجہ سے اس کا سارا میک اتر گیا، لیکن اسے میک اپ خراب ہونے کا کوئی افسوس نہیں تھا اور نہ لوگوں کے اچھا برا کہنے ہی کا کوئی خیال تھا، کیونکہ اسے لوگوں سے زیادہ اپنے اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کے سامنے سرخ رُو ہونا تھا۔ اس نے نماز شروع کی اور حالت سجدے میں وہ لطف پایا، جو بہت کم لوگوں کو نصیب ہوتا ہے۔ اسے تو پتا بھی نہیں تھا کہ یہ اس کی زندگی کا آخری سجدہ ہوگا! جی ہاں وہ لڑکی اسی وقت حالت سجدہ میں اپنے خالق حقیقی سے جا ملی۔ کیا خوبصورت اور قابل رشک موت تھی......! وہ اللہ کو قریب کرنا چاہتی تھی۔ اللہ عزوجل نے اسے اسی حالت سجدہ میں اپنے قریب کیا، جہاں ہر مسلمان اللہ کے قریب ترین ہوتا ہے۔ [بحوالہ العربیہ نیوز نیٹ]

ذرا سوچئے! اگر ہم میں سے کوئی اس لڑکی جگہ ہوتی تو کیا کرتی۔ یقیناً نماز کو ہی مؤخر کیا جاتا کہ بعد میں آرام سے پڑھ لیں گے، مگر جسے آخرت کی فکر ہے اور جسے معلوم ہے کہ زندگی نہایت بے اعتبار شے ہے اور اس کے آنے والے ایک پل کا بھی بھروسا نہیں ہے، تو وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے بلاوا آنے پر کبھی نماز مؤخر نہیں کرے گی، الاّ یہ کہ کوئی شرعی عذر ہو۔ یہ کتنی افسوسناک بات ہے کہ نہایت چھوٹے چھوٹے عذر کی وجہ سے ہم نماز جیسی اہم ترین عبادت کو مؤخر کر دیتے ہیں، اور کبھی تو وقت نکل جاتا ہے اور نماز قضا تک ہو جاتی ہے۔ سوچئے، کیا ہم اس طرح نادانستگی میں نماز کی اہمیت کم نہیں کر رہے۔ اللہ ہمیں سمجھ عطا فرمائے اور اپنی محبت نصیب فرمائے اور ایسی شان دار موت نصیب فرمائے۔ آمین

[ماخوذ: ''خواتین کا اسلام'' مرسلہ: قاضی عبدالقادر، کراچی]

☆☆☆

قائداعظم کس کے کہنے پر پاکستان آئے؟

نعیم احمد

شیخ الاسلام حضرت علامہ شبیر احمد عثمانیؒ کے مطابق جن دنوں وہ حیدر آباد دکن میں حدیث نبویؐ پر کام کر رہے تھے تو متعدد بار قائداعظم نے ان سے پیغامات اور خط و کتابت کے ذریعے ملنے کی کوشش کی لیکن وہ قائداعظم کو مغربی تعلیم یافتہ تصور کرتے ہوئے نظر انداز کرتے رہے۔ نہ تو پیغام اور خطوط کا جواب بھیجا اور نہ ان کی ملاقات کی خواہش ہی کا کوئی خاطر خواہ جواب دیا۔ ایک رات حضور اکرم ﷺ شیخ الاسلام حضرت علامہ شبیر احمد عثمانیؒ کو خواب میں شرف ملاقات بخشتے ہیں اور حکم دیتے ہیں کہ: ''ہمارا ایک امتی آپ سے ملنا اور راہنمائی حاصل کرنا چاہتا ہے۔ آپ بمبئی جائیں اور ان سے ملاقات کریں۔'' مولانا شبیر احمد عثمانیؒ سب کچھ چھوڑ کر اپنی پہلی فرصت میں بمبئی پہنچتے ہیں اور قائداعظم کے در دولت پر پہنچتے اور ملازم کو اپنی آمد اور قائداعظمؒ سے ملاقات کی خبر دیتے ہیں۔ حضرت علامہ شبیر احمد عثمانیؒ اندر تشریف لاتے ہیں تو قائداعظم کو ''سراپا انتظار'' دیکھتے ہیں۔ پھر دونوں عاشقان رسول ﷺ کے درمیان مندرجہ ذیل ''مکالمہ'' ہوتا ہے۔

قائداعظم: ''حضور والا! میں مسلسل آپ کو پیغامات اور خطوط ارسال کرتا رہا اور آپ سے ملاقات اور رہنمائی کا متمنی رہا تو آپ نے توجہ نہیں فرمائی لیکن جب ''آپ'' (حضور اکرم ﷺ) کا حکم ہوا ہے تو تشریف لائے ہیں۔''

شیخ الاسلام حضرت علامہ شبیر احمد عثمانیؒ: ''کیا آپ کو بھی حضور سرور دو عالم ﷺ کی ''بشارت'' ہوئی ہے؟''

قائداعظم: ''میں تو آپؐ کے ارشاد کے مطابق ہی آپ سے ملاقات کے لئے کوشش کرتا رہا ہوں۔''

علامہ شبیر احمد عثمانیؒ: ''کیا یہ سچ ہے۔''

قائداعظم: ''یہ حقیقت ہے۔''

اس مکالمے کے بعد دونوں ''عاشقان رسول ﷺ'' ملاقات کرتے ہیں۔ مختلف امور زیر بحث آتے ہیں لیکن سب سے اہم مسئلہ ''سفید بنیا'' اور ''سیاہ بنیا'' سے آزادی حاصل کرنا اور مملکت خداداد پاکستان کا قیام تھا۔ چنانچہ تفصیلی ملاقات اور تبادلہ خیالات کے بعد شیخ الاسلام حضرت علامہ شبیر احمد عثمانیؒ نے قائداعظم کو ہر ممکن تعاون اور رہنمائی کا یقین دلایا۔

قائداعظم اور حضرت علامہ شبیر احمد عثمانیؒ کے مذکورہ بالا بیانات سے اس مملکت خداداد کا روحانی پہلو اظہر من الشمس ہو جاتا ہے۔ قیام پاکستان کی تحریک میں برصغیر کی تمام مشہور و معروف روحانی درگاہوں سے وابستہ مشائخ عظام نے قائداعظم کی پکار پر لبیک کہا تھا اور اپنے مریدین اور عقیدت مندوں کو حکم صادر فرمایا تھا کہ وہ حصول پاکستان کے لئے اپنا تن من دھن نثار کر دیں۔

1969ء میں پراجیکٹ ہائی سکول منگلا میں قائداعظم ڈے پر سکول کی بزم ادب نے منگلا ڈیم آرگنائزیشن کے پی آر او سید محمد ادریس شاہ (متوفی 1995ء) کو بطور مہمان خصوصی مدعو کیا تھا۔ آپ نے اپنی تقریر میں بتایا کہ قائداعظم کے ایک نہایت قریبی ساتھی تھے جنہوں نے ایک مجلس میں جہاں میں بھی موجود تھا، یہ واقعہ سنایا تھا۔ جب قائداعظم انگلستان سے مستقل طور پر بمبئی (بھارت) آ گئے تو میں آپ سے ملاقات کے لئے گیا۔ قائداعظم گہری سوچ میں غرق تھے۔ مجھے دیکھ کر فرمایا کہ کچھ لوگ کہتے ہیں کہ علامہ اقبالؒ نے مجھے بلایا، جب کہ کچھ کا خیال ہے کہ لیاقت علی خان مجھے لے کر آئے۔ بے شک ان دونوں حضرات کا بھی کچھ نہ کچھ حصہ ہے، لیکن اصل بات جو مجھے یہاں لائی کچھ اور ہی ہے جو میں نے آج تک کسی کو نہیں بتائی۔ تمہیں اس شرط پر بتانا چاہتا ہوں کہ میری زندگی میں اسے ظاہر نہیں کرو گے کیونکہ لوگ بات کا بتنگڑ بنا دیتے ہیں۔ جب میں نے انہیں یقین دلایا کہ ایسا ہی ہو گا تو انہوں نے فرمایا: ایک رات میں لندن میں اپنے کمرے میں سو رہا تھا کہ ایک جھٹکے سے میری آنکھ کھل گئی۔ میں پھر سو گیا۔ دوسرا جھٹکا تیز تھا۔ پس میں اٹھا اور دروازہ کھول کر باہر کا جائزہ لیا اور یہ اطمینان کر کے کہ سب ٹھیک ہے، آ کر سو گیا۔ تیسرے جھٹکے نے مجھے جھنجوڑ کر رکھ دیا۔ میں اٹھ کر بستر پر بیٹھ گیا۔ میرا کمرہ خوشبو سے مہک رہا تھا اور میں کسی کی موجودگی محسوس کر رہا تھا۔

میں نے کہا: Who are you?

